# Maulana Azad National Urdu University
## Department of Urdu
### I Semester Examination, April 2021
### Paper : PGUR101GET : Ghalib
### پرچہ: غالب

**Total Marks : 70** **Time : 3 hours**

**ہدایات:**

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو**(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے**10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

---

## حصہ اول

سوال: 1

i۔ غالب کے مزاج میں تھی۔

(a) ظرافت (b) نزاکت (c) شرارت (d) طبابت

ii۔ غالب کی ولادت کب ہوئی تھی؟

(a) 27 دسمبر 1797ء (b) 25 دسمبر 1799ء (c) یکم دسمبر 1798ء (d) 15 دسمبر 1791ء

iii۔ غالب نے پنشن کا مقدمہ کس کے خلاف کیا؟

(a) محمد بخش لوہارو (b) احمد بخش لوہارو (c) انگریز سرکار کے خلاف (d) بہادر شاہ ظفر کے خلاف

iv۔ غالب کتنے برس کلکتہ میں رہے؟

(a) پانچ (b) سات (c) ایک (d) تین

v۔ غالب نے عربی فارسی کی تعلیم کس سے حاصل کی؟

(a) شیخ اعظم (b) شیخ معظم (c) شیخ سعدی (d) شیخ امام بخش

vi۔ مرزا غالب کی شادی کس عمر میں ہوئی؟

(a) 18 (b) 21 (c) 13 (d) 15

vii۔ غالب نے کسے گود لیا تھا؟

(a) نیر رخشاں (b) عارف (c) باقر علی خاں (d) حسن علی خاں

viii۔ اپنے خط میں یہ نصیحت مرزا غالب نے کس کو کی تھی؟ ''مصری کی مکھی بنو شہد کی مکھی نہ بنو۔''

(a) حاتم علی مہر (b) سالک (c) میر مہدی مجروح (d) ثاقب

ix۔ یہ مرثیہ غالب نے کس کا لکھا تھا؟

''لازم تھا کہ دیکھو مرا رستہ کوئی دن اور''

(a) ضیاءالدین نیر (b) زین العابدین خاں عارف (c) الٰہی بخش خاں معروف (d) حاتم علی مہر

x۔ غالب کی تدفین دہلی کے کس قبرستان میں ہوئی؟

(a) خاندانِ تیموریہ (b) خاندانِ لوہارو (c) خاندانِ نظامیہ (d) خاندانِ سلجوقیہ

## حصہ دوم

2۔ غالب کی سوانح حیات کے مختلف گوشوں پر تبصرہ کیجیے۔

3۔ ''غالب کی شخصیت متضاد عناصر کا مرکب تھی۔'' روشنی ڈالیے۔

4۔ فکر غالب کے مختلف گوشوں کا تجزیہ کیجیے۔

5۔ ''غزل کو غالب نے ایک نئے ذائقے سے روشناس کرایا'' مدلل تحریر کیجیے۔

6۔ اُن وجوہات کی نشاندہی کیجیے جن کے باعث غالب کو اپنے عہد میں مقبولیت حاصل کرنے میں دشواری پیش آئی۔

7۔ مندرجہ ذیل اشعار کی تنقیدی تشریح کیجیے۔

میں بھی منھ میں زبان رکھتا ہوں کاش پوچھو کہ مُدعا کیا ہے

جمع کرتے ہو کیوں رقیبوں کو اِک تماشا ہوا گِلہ نہ ہوا

آئے ہو کل، اور آج ہی کہتے ہو کہ جاؤں مانا کہ ہمیشہ نہیں اچھا، کوئی دن اور

8۔ خطوط نویسی غالب کے لیے محض شوقِ فضول اور دل لگی نہ تھی''۔ اس خیال کی روشنی میں خطوط غالب پر ناقدانہ نظر ڈالیے۔

9۔ اردو نثر کی تاریخ میں مکاتیب غالب کی اہمیت وانفرادیت پر تبصرہ کیجیے۔

## حصہ سوم

10۔ ''غالب کی زندگی نشیب وفراز کی ایسی دلچسپ داستان ہے کہ ان کا قاری ان کی شخصیت کے سحر میں کھو جاتا ہے۔'' نشاندہی کیجیے۔

11۔ ''غالب نے اردو غزل کو سائنسی مزاج عطا کیا ہے۔'' مدلل لکھیے۔

12۔ غالب کی غزل کے موضوعات کی انفرادیت سے بحث کیجیے۔

13۔ ''خطوط غالب سے عہد غالب کی تاریخ مرتب کی جا سکتی ہے۔'' کیا آپ اس خیال سے متفق ہیں؟

14۔ اردو نثر کے فروغ میں غالب کی اہمیت واضح کیجیے۔

☆☆☆